1989ء سے مسلسل اشاعت | 10 فروری تا 16 فروری 2023 | شمارہ نمبر 7 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ
کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands of the year Award 2010 | Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-3262978 6 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG

بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS




IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER




SINAR SPECTRA
premium colour paper




spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER
Sinar Tech



## SINAR SPECTRA
## COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM TM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 100 روپے
چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# تاجروں کے خون کے آنسو، آئی ایم ایف کا درآمدات پر پابندی فوری ختم کرنے کا مطالبہ

## جادو کی چھڑی سے چار ماہ میں زرمبادلہ کے ذخائر 16 ارب سے زائد کرنا ہوں گے۔ حکومت سے مذاکرات میں مطالبات

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان پالیسی سطح کے مذاکرات جو یہاں جاری ہیں، جس میں سخت فیصلوں کا مرحلہ آ گیا ہے، مذاکرات میں آئی ایم ایف کی طرف سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ 30 جون تک زرمبادلہ کے ذخائر 16 ارب 20 کروڑ ڈالر لانا ہونگے، تاجر جو گزشتہ چھ ماہ سے اپنے درآمدی کنسائنمنٹ کی کلیرنس کے لئے خون کے آسو رو رہے ہیں اور ہماری حکومت پر جوں تک نہیں رینگی تھی بالآخر آئی ایم ایف کو رحم آ گیا اور اس نے حکومت سے مطالبہ کر دیا ہے کہ درآمدات پر پابندیاں فوری ختم کی جائیں، بجٹ خسارہ و فریم ورک، بیرونی فنانسنگ سمیت اہم امور پر بات چیت ہوگی، ایل سیز کھولنے کیلئے 4 ارب ڈالر کی فراہمی، اخراجات میں 600 ارب کمی، بجلی گیس کے نرخ 50 فیصد بڑھانا ہونگے، نجکاری پروگرام کو فعال بنانا ہوگا، احتساب کا عمل مؤثر، شفاف بنانے کیلئے قانون سازی، غیر ممالک سے قرضہ لینے، واپس کرنے کی نئی پالیسی، گردشی قرضے کی ادائیگی کیلئے بنیادی ڈھانچہ کی تشکیل بھی زیر بحث ہے، مالیاتی خلا کے اعداد و شمار کا تعین کر کے اضافی ریونیو اقدامات کا بھی فیصلہ ہوگا جس کے تناظر میں منی بجٹ متعارف کروایا جائیگا، ایف بی آر نے رواں مالی سال کیلئے مقرر کردہ 7470 ارب روپے کا ٹیکس ہدف ہر صورت حاصل کرنے کی یقین دہانی کروائی ہے۔ پاکستان اور آئی ایم ایف جائزہ مشن کے درمیان پالیسی سطح کے مذاکرات میں ٹیکس ریونیو، مالی خسارہ اور توانائی کے شعبے میں اصلاحات کا جائزہ لیا جا رہا ہے، آئی ایم ایف نے سبسڈی کم کرنے کیلئے بجلی اور گیس کے ریٹ بڑھانے پر زور دیا ہے، آئی ایم ایف کے وفد کو بریفنگ کے دوران ایف بی آر نے یقین دہانی کرائی کہ رواں مالی سال جولائی سے جنوری 7 ماہ میں 3965 ارب روپے ٹیکس جمع کر لیا جائے اور رواں سال کیلئے 7470 ارب روپے کا ٹیکس ہدف ہر صورت حاصل کیا جائے گا، مذاکرات کے دوران غیر ضروری اور تاخیر کے شکار منصوبوں کی فنڈنگ روکنے پر غور کیا جا رہا ہے، اسکے علاوہ 727 ارب روپے کے وفاقی ترقیاتی بجٹ میں بھی 300 ارب روپے سے زیادہ کٹوتی کا امکان ہے۔ اطلاعات کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ تعطل کو توڑنے کی آخری کوشش میں وزیراعظم شہباز شریف نے بجلی کے نرخوں میں 4 سے 10 روپے فی یونٹ تک اضافے، گیس ٹیرف میں اضافے اور جی ایس ٹی کی شرح کو 1 فیصد تک یعنی 17 سے 18 فیصد تک بڑھانے کے آپشنز دینے کی منظوری دے دی۔ تاہم آئی ایم ایف کا دورہ کرنے والا مشن اب بھی بجلی کے نرخوں میں زیادہ ایڈجسٹمنٹ پر اصرار کر رہا ہے جو کہ 12.50 روپے سے 14 روپے فی یونٹ اور اس سے بھی زیادہ ہو جائے گی۔ فنڈ نے یہ بھی تجویز کیا ہے کہ معیاری اضافی ٹیکس کے اقدامات اٹھائے جائیں اور اخراجات کے پہلو کو کم کیا جائے تا کہ بنیادی خسارے کو طے شدہ حدود میں محدود کیا جا سکے۔ اب حکومت اپنے آپشنز کا جائزہ لے رہی ہے کہ پہلے اخراجات کو پورا کیا جائے پھر ٹیکس کے اضافی اقدامات کو مضبوط کیا جائے گا۔ اب تک پاور سیکٹر پاکستانی مذاکرات کاروں کے لیے ایک بڑی رکاوٹ اور دردسر ثابت ہوا ہے کیونکہ اس کا گردشی قرضوں کا عفریت اور بڑھتی ہوئی سبسڈی کی ضروریات آئی ایم ایف کو بالکل بھی قابل قبول نہیں۔

# پیپر مارکیٹ میں ڈالر کی اڑان سے سوگ کا سما، قیمتیں 600 روپے کلو تک پہنچ گئیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) حکومت کی جانب سے درآمدات پر اعلانیہ اور غیر اعلانیہ پابندیوں کے ساتھ ساتھ گزشتہ دو ہفتے میں ڈالر کی 277 تک اڑان نے ملک بھر کے درآمد کنندگان کے ساتھ ساتھ پیپر مرچنٹس کا بھی جینا دوبھر کر دیا ہے اور مارکیٹ میں سوگ کا سما ہے۔ ایک ہفتے میں پیپر و پیپر بورڈ کے مختلف اقسام کی قیمتوں میں 100 روپے سے زائد تک اضافے نے اس کی مزید کمر توڑ دی ہے اور پیپر کی قیمتیں 600 روپے کلو کو چھو رہی ہیں۔ ایسے میں امپورٹرز، مرچنٹس، پرنٹرز، پبلشرز کے ساتھ ساتھ خود حکومتی اخراجات میں بے انتہا اضافہ ہو گیا ہے۔ اس کے ساتھ مقامی کاغذ ملیں بھی اس کا بھرپور فائدہ اٹھا رہی ہیں اور اس کی قیمتوں میں بھی مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ حکومتی محکمے اس پر خاموشی اختیار کئے ہوئے ہیں۔

(تازہ ترین قیمتیں صفحہ ۱۴ پر ملاحظہ کیجئے)

# بیرون ملک کرنسی لے جانے والوں کیلئے ایپ متعارف

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ایپ کے ذریعے کوئی بھی بیرونی کرنسی ایئرپورٹ پر ڈکلیئر کرنا ہوگی۔ حکومت پاکستان کی جانب سے بیرون ملک کرنسی لے جانے کیلئے سرکاری موبائل اپلیکیشن متعارف کرا دی گئی ہے۔ اب مکمل معلومات درج کرنے کے بعد ہی آپ کرنسی بیرون ملک لے جا سکتے ہیں۔ ایف بی آر ممبر کسٹم آپریشنز مکرم جاء انصاری نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ اربوں ڈالر بیرون ملک اسمگلنگ کی خبر میں کوئی صداقت نہیں، ریٹ بڑھنے کی اطلاع پر پاکستان میں لوگوں نے ڈالرز ذخیرہ کئے، منی ایکسچینج کمپنیوں کے علاوہ بعض نجی لوگ بھی اس دھندے میں پڑ گئے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں نے ڈالر 210 میں خرید کر 270 تک میں فروخت کیا۔ پاک افغان بارڈر، اسلام آباد، کراچی اور لاہور ایئرپورٹ پر بھی کرنسی اسمگلنگ پکڑی گئی۔ مکرم جاء نے بتایا کہ اسلام آباد ایئرپورٹ پر 12 ورکرز سے 6 ہزار ڈالر سے زیادہ کرنسی ضبط کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ اب اٹھارہ سال سے کم عمر لوگ 2500 جب کہ اس سے زائد عمر کے لوگ سالانہ 30 ہزار ڈالر بیرون ملک لے جا سکتے ہیں۔ ایپ کے ذریعے کوئی بھی بیرونی کرنسی ایئرپورٹ پر ڈکلیئر کرنا ہوگی۔ ایف بی آر حکام نے بتایا کہ 18 سال تک کے افراد کیلئے کرنسی کی سالانہ حد 15 ہزار ڈالر رکھی ہے، جب کہ 18 سال سے زائد عمر کے افراد فی وزٹ 5 ہزار ڈالر لے جا سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں ایف بی آر نے اخبارات میں اشتہارات بھی شائع کئے ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# 15 کروڑ سے زائد آمدن والی کمپنیوں کو 7 دن میں 50 فیصد سپر ٹیکس ادا کرنے کا حکم

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے 15 کروڑ روپے سے زیادہ آمدن والی کمپنیوں اور کارپوریشنوں پر سپر ٹیکس عائد کر دیا ہے۔ ایف بی آر کا کہنا ہے کہ سپریم کورٹ نے امیر کارپوریشنوں کو 50 فیصد واجبات 7 روز کے اندر ادا کرنے کی ہدایت کر دی۔ فیصلے سے ایف بی آر کے ریونیو میں اربوں روپے اضافے کا امکان ہے، زیادہ کمانے والی کمپنیوں کی آمدن پر سپر ٹیکس کے نفاذ میں اہم پیش رفت ہوئی، سپریم کورٹ نے ایف بی آر کی جانب سے دائر درخواستوں پر فیصلہ سنا دیا ہے۔ واضع رہے کہ فنانس ایکٹ 2022 کے تحت پارلیمان نے 15 کروڑ روپے سے زائد آمدن پر سپر ٹیکس لگایا تھا، بعد میں لاہور ہائی کورٹ نے ایک عبوری حکم نامے کے ذریعے اس لیوی کے نفاذ کو روک دیا، عدالت عظمٰی کے احکامات کے بعد ایف بی آر کے ریونیو میں اربوں روپے اضافہ متوقع ہے۔ ایف بی آر نے 15 کروڑ سے زیادہ آمدن رکھنے والے افراد اور کمپنیوں پر ایک سے 4 فیصد سپر ٹیکس کے ذریعے 80 ارب روپے آمدن کا تخمینہ لگایا تھا۔ سپریم کورٹ نے لاہور ہائی کورٹ کے عبوری حکم نامے میں ترمیم کرتے ہوئے زائد آمدن والے ٹیکس دہندگان کو ہدایت کی ہے کہ وہ ایک ہفتے کے اندر اپنا 50 فیصد سپر ٹیکس براہ راست فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) میں جمع کرائیں۔ رپورٹ کے مطابق چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے ایف بی آر کی درخواست پر عبوری حکم نامے کے خلاف سماعت کی جس کے تحت زائد آمدنی والے ٹیکس دہندگان سے ٹیکس وصولی روک دی گئی تھی۔ عدالت عظمٰی کا یہ حکم ایک ایسے وقت میں سامنے آیا جب پاکستان کے ٹیکس حکام مالی سال 23-2022 میں بڑھتے ہوئے مالیاتی فرق پر قابو پانے کے لیے آئی ایم ایف ٹیم کے ساتھ نئے ٹیکس اقدامات پر بات چیت کر رہے ہیں، ایف بی آر نے رواں مالی سال میں سُپر ٹیکس کے نفاذ سے 250 ارب روپے کا تخمینہ لگایا ہے۔ ٹیکس دہندگان نے ٹیکس سال 2022 اور اس کے بعد کے لیے سپر ٹیکس کے نفاذ کو لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔ لاہور ہائیکورٹ نے ٹیکس وصولی روک دی تھی اور ایف بی آر کو ہدایت کی کہ وہ مختلف صنعتوں کو اپنے ٹیکس ریٹرن فائل کرنے کی اجازت دے جس میں سپر ٹیکس کے سوا 'پوسٹ ڈیٹڈ چیک' جمع کرائے جائیں۔ حکم نامے میں مزید کہا گیا کہ چیک عدالت کی ہدایت پر یا کیس کے حتمی فیصلے کے مطابق کیش کرائے جائیں گے۔ تاہم لاہور ہائی کورٹ کے 29 ستمبر 2022 کے اس حکم کو ایف بی آر نے ایک خاتون وکیل عاصمہ حامد کے ذریعے سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا تھا۔ فنانس ایکٹ 2022 کے ذریعے حکومت نے انکم ٹیکس آرڈیننس میں ایک نیا سیکشن سی-4 ڈال کر زیادہ آمدنی والے افراد پر ایک سپر ٹیکس نافذ کیا۔ اس سیکشن کے ذریعے ایف بی آر نے ٹیکس سال 2022 سے 15 کروڑ روپے سے زیادہ کمانے والے 13 شعبوں پر 10 فیصد سپر ٹیکس عائد کیا۔ ان میں اسٹیل، بینکنگ، سیمنٹ، سگریٹ، کیمیکل، مشروبات اور مائع قدرتی گیس کے ٹرمینلز، ایئر لائنز، ٹیکسٹائل، آٹو موبائل، شوگر ملز، تیل، گیس اور کھاد کے شعبے شامل ہیں۔ اس کے بعد سے اس فیصلے کو ملک کی تقریباً تمام ہائی کورٹس میں مختلف بنیادوں پر چیلنج کیا گیا ہے۔ سپریم کورٹ کے حکم کے تناظر میں ایف بی آر کو اب توقع ہے کہ آنے والے مہینوں میں اس کمی کو پورا کرنے کے لیے بڑی تعداد میں ریونیو وصول ہوگا۔

## ممبران اپیما کو تجدید رکنیت کی یاددہانی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے اپنے تمام ممبران کو مطلع کیا ہے کہ برائے سال 2023-24، کیلئے تجدید رکنیت کے بل پہلے ہی ارسال کئے جا چکے ہیں اور فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 مارچ 2023 ہے۔ لہٰذا اراکین کو یاددہانی کرائی گئی ہے کہ وہ اپنی ممبر شپ کے بل کی ادائیگی مقررہ تاریخ سے قبل کر دیں۔ ایسوسی ایٹ کلاس کی فیس =/1000، روپے اور کارپوریٹ کلاس کی فیس =/2500 روپے ہے۔ واضح رہے کہ بل کی ادائیگی کے ساتھ انکم ٹیکس ریٹرن 2022، جمع کرانے کے ثبوت کی فوٹو کاپی ساتھ لازمی لے کر آنی ہے۔ ممبر شپ کارڈ بنوانے والے اراکین 200 روپے اور ایک عدد پاسپورٹ سائز تصویر بھی مہیا کریں۔ جس ممبر کو ابھی تک بل موصول نہیں ہوا ہو اُن سے کہا گیا ہے کہ وہ دفتر ایسوسی ایشن سے رابطہ کریں اور بل حاصل کر کے مقررہ تاریخ تک ادائیگی کر دیں۔ مزید برآں اپیما کے ریکارڈ کو بہتر بنانے کیلئے اپنی ممبر شپ کے نئے دستخط کارڈ (Speciman Signature Card) پر دستخط کر کے لازمی بھیج دیں۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے کے لئے
سالانہ شرح: =/3000، برائے بیرون کراچی
سالانہ شرح: =/2500، برائے کراچی
(اس میں کوریئر/ ڈاک چارجز شامل ہیں)




پیپر مارکیٹ لاہور میں مارکیٹ کی موجودہ معاشی صورت حال پر غور کے لئے مشاورتی اجلاس سابق سینئر وائس چیئر مین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن باؤ محمد بشیر کے دفتر میں منعقد ہو رہا ہے، اجلاس میں خامس سعید بٹ، شبیر بھٹی ہیرا، سابق صدر میاں امجد حسین اور دیگر موجود ہیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# سیلز ٹیکس ادا کرنے والوں کو شوکاز نہ دینے والے آزاد

تحریر۔ عبدالقیوم جیلانی

ایک بات واضح ہے کہ عالمی مالیاتی فنڈ IMF اپنی شرائط منوائے بغیر کسی کو قرض نہیں دیتا ہے غریب ممالک مجبور ہیں کہ عالمی مالیاتی فنڈ کی شرائط کو آنکھ بند کر کے قبول کریں یہی کچھ ہمارے ساتھ بھی ہو رہا ہے کہ IMF نے قرض دینے سے پہلے کچھ سخت شرائط پاکستان کی سرکار پر عائد کی تھیں جن کو سیاسی دباؤ اور مصلحت کے تحت نافذ نہ کیا جا سکا جس سے عالمی مالیاتی فنڈ والے پاکستانی سرکار سے برہم ہو گئے اور قرض کی رقم دینے سے منکر ہو گئے، بہت سارے جتن کئے گئے وفد پر وفد امریکہ بھیجے گئے یہاں تک کہ معزول وزیراعظم محترمہ بے نظیر زرداری کو خود منوانے کے لئے جانا پڑا۔ لیکن IMF والوں کا غصہ ٹھنڈا نہ ہوا اور محترمہ بھی مایوسی کے عالم میں واپس ہوئیں اور آتے ہی کچھ اصلاحات کا ذکر کیا اور کچھ مبہم کاغذات تیار کروائے تاکہ IMF والے کسی طرح راضی ہو جائے لیکن بات نہ بنی۔

IMF والے GST کو بھرپور طریقہ سے نافذ کرنے کے حق میں ہیں لیکن سیاسی دباؤ کی وجہ سے سیلز ٹیکس کا نفاذ مکمل طور پر فیل ہو گیا ہے اس کے علاوہ سیلز ٹیکس کے افسران کی غیر دلچسپی کی وجہ سے سرکاری خزانہ میں جمع ہونے والی رقوم میں کمی واقع ہوئی ہے سیلز ٹیکس کے افسران مروجہ قانون سے لاتعلقی ظاہر کرتے ہیں اور سیلز ٹیکس کے بارے میں عوام کو اعتماد میں نہیں لیتے ہیں اس کے برعکس ان کی کوشش یہ رہی ہے کہ ٹیکس دہندہ کو مزید ڈرا دھمکا کر رقم بٹوری جائے انہیں اس سے کوئی سروکار نہیں کہ قومی خزانہ میں صحیح طور پر ٹیکس جمع کیا جا رہا ہے یا نہیں۔ انہیں تو صرف اپنی جیب کی فکر ہے۔

بہت سارے شوکاز ایسے جاری کئے گئے جس میں کارخانے والوں کی کوئی غلطی نہ تھی محکمہ کے لوگوں کا مقصد ٹیکس دہندگان کو ڈرانا تھا تاکہ انہیں مجبور کر کے مک مکاؤ کیا جا سکے۔ مثلاً" ٹیکس دہندہ نے دو تین دنوں بعد ٹیکس جمع کروایا ہے تو اس کے خلاف فوراً" شوکاز جاری کر دیا جاتا ہے اس سے یہ غلطی جان کر نہیں ہوئی ہے مثلاً" ستمبر میں ۲۰ تاریخ جمعہ کو پڑی اور سنیچر کو بینک بند ہے اس صورتحال میں اگر ایک دو روز کی تاخیر سے ٹیکس جمع ہوا تو اس کے لئے شوکاز قطعی جاری نہیں ہونا چاہیئے بلکہ ٹیکس دہندگان کو فون کر کے یا خط کے ذریعے مطلع کر دیں ایسی غلطی آئندہ نہیں ہوئی چاہیئے۔ لیکن افسوس صد افسوس کہ سرکاری افسران میں تعاون کا فقدان ہے جس کی وجہ سے عوام میں سرکاری اعتماد کا فقدان ہے جب حکمران عوام سے تعاون نہیں کرتے تو عوام حکمراں سے کیونکر تعاون کریں گے۔

فکسڈ سیلز ٹیکس جو متروک ہو چکا ہے غیر سرکاری طور پر رائج ہے سب جانتے ہیں کہ یہ غیر قانونی طور پر بھرا جا رہا ہے نہ محکمہ والے اس کی کوئی تعبیر بتاتے ہیں نہ ہی اس کی صحیح تشریح کرتے ہیں بتاؤ کہ کوئی تو بتائے کہ یہ سب کیا ہے جن لوگوں نے سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ کرا لیا ہے معلوم ہوتا ہے کہ ان بیچاروں نے کوئی برا کام کیا ہے

**یہ آرٹیکل پیپر بزنس کے شمارے (23 تا 29 نومبر 1996) میں شائع کیا گیا تھا۔ 27 سال بعد بھی سیلز ٹیکس کی صورتحال میں کوئی تبدیلی نہیں لا سکے۔**

ان ہی سے پوچھ گچھ ہوتی ہے انہیں تو ڈرایا دھمکایا جاتا ہے انہیں پر مالی بوجھ ڈالا جاتا ہے ورنہ غیر رجسٹرڈ لوگ دندناتے پھرتے ہیں کوئی ٹیکس نہیں دیتے ہیں اور کسی کی پرواہ نہیں کرتے کیا وہ قانون سے بالاتر ہیں ٹیکس/ری فنڈ کے بارے میں محکمہ سیلز ٹیکس بالکل خاموش ہے تاہم محکمہ کے چند اہلکار ضرور مستفید ہو رہے ہیں جن سے ان کے اپنے مفادات وابستہ ہیں ورنہ خاموشی ہے اس کے علاوہ جب سے سیلز ٹیکس بینک میں جمع ہونے لگے اور محکمہ سیلز ٹیکس جانے کا راستہ محدود کر دیا گیا ہے تو محکمہ کے لوگوں کی ذاتی آمدنی ماری گئی ہے اور محکمہ کے زیادہ تر لوگ خشک تنخواہ پر گزارہ کر رہے ہیں جس سے محکمہ کی کارکردگی پر اثر پڑا ہے لوگوں سے دفتر دیر آنے کا رونا تو تھا ہی اب تو دفتر میں حاضری برائے نام ہو گئی ہے اب تو نچلہ طبقہ ہی بالواسط کارخانوں کا رخ کرنے لگا ہے اور دباؤ ڈالتا ہے کہ ریکارڈ دکھاؤ ورنہ یہ کریں گے وہ کریں گے یہ عام شکایت حکام بالا کے علم میں لائی گئی ہیں لیکن عدم دلچسپی کی وجہ سے کوئی موثر تدارک نہ ہو سکا ہے۔ محکمہ سیلز ٹیکس کو چاہیئے کہ GST کے بارے میں عوام کو اعتماد لیں اور اصل GST کے بارے میں صحیح صحیح اطلاع بہم پہنچائے اور ان مدوں کے بارے میں واضح تشریح کرے جس میں ایکسائز ڈیوٹی اور سیلز ٹیکس دونوں نافذ ہیں اس کی تشریح تشنہ طلب ہے اس سلسلہ میں ورکنگ پیپر جاری کیا جائے اور ان لوگوں کو کھلی دعوت دی جائے جو لوگ اس پر عبور رکھتے ہوں تاکہ معاملات کو صفائی کے ساتھ طے کیا جا سکے ٹیکس دہندگان چاہتے ہیں کہ وہ بروقت اور صحیح ٹیکس ادا کریں لیکن ان کی رہنمائی نہ ہونے سے وہ ایک مخمصے میں پھنس جاتے ہیں لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ کتابچوں کے ذریعہ جو قومی زبان میں چھاپے جائیں عوام کو اصل GST کے بارے میں معلوم فراہم کی جائیں تاکہ قومی خزانہ میں ٹیکس صحیح طور پر جمع ہو سکے۔

ٹیکس کے بغیر کوئی حکومت اپنے سرکاری امور انجام نہیں دے سکتی ہے لہٰذا اس شعبہ پر حکومت کی گرفت مضبوط ہونی چاہیئے اس کے ساتھ ساتھ ان افراد کی ہمت افزائی ہونی چاہیے جو لوگ ٹیکس دیتے ہیں ٹیکس دہندگان کو سہولتیں بہم پہنچانا چاہیئے اور ان کو بہتر سہولتیں بھی میسر آنی چاہیئے کیونکہ ایسے لوگ عوام میں منفرد ہوتے ہیں لہٰذا ان کی حیثیت کے مطابق ان کو مراعات بھی دینی چاہیئے تاکہ دوسرے لوگ بھی اس طرف راغب ہو سکیں بیرونی ممالک میں ٹیکس دہندگان کو بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے حکومت کی نگاہ ان کی طرف ہوتی ہے اور وقتاً فوقتاً ان سے استدعا کی جاتی ہے کہ آگے آئیں اور ملک کی ترقی میں سرکار کا ہاتھ بٹائیں۔ سیلز ٹیکس ایکٹ 1990ء جس کو ترمیم کے ساتھ 1991ء میں قومی اسمبلی میں پاس کیا جس میں بہت سارے معاملات وضاحت طلب ہیں جن کو یہاں شق وار پیش کرنے کی جسارت کی جاتی ہے۔

شق نمبر ۱۶ پیداوار ماحاصل احاطہ کرتی ہے۔

(الف) کوئی عمل روش جس سے ایک شے دوسری اشیاء سے ملا دی جائیں۔ معدنی اشیاء یا دوسرے اجزاء کسی طرح ایک دوسرے سے اس طرح ملا دیا جائے کہ کوئی تیسری شے نمودار ہو تو (بن جائے) اس پیداوار کو یا جس سے ایک دوسرے سے بالکل تبدیل ہو جائے یا شکل بدل لے اور ضرورت کے مطابق قابل استعمال ہو تو اس عمل کو پیداوار ماحاصل کہیں گے جس پر سیلز ٹیکس نافذ ہو گا۔

(ب) چھپائی کا عمل، طباعت یا لیتھوگرافی یا کراچی یا انگریونگ اور"

(ج) وہ کوئی عمل جس میں کس چیز کو اکھٹا کرنا ملانا کاٹنا جذب کرنا بھرنا، پیک کرنا، دوبارہ پیک کرنا وغیرہ ہو تو اسے پیداوار ماحاصل کہا جائے گا۔

(۱) کارخانہ دار یا پیداکار سے مراد وہ شخص ہے جو کسی نہ کسی طرح پیداوار ماحاصل سے وابستہ ہے جو خام مال کی اشکال بدلنے یا ضم خلط ملط کرنے میں مصروف ہو اور ان تمام ماحاصل کا مالک ہو۔

(۲) آؤٹ پٹ ٹیکس۔ اس ٹیکس سے مراد وہ ٹیکس ہے جو رجسٹرڈ شخص پر لاگو ہوتا ہے اور جو رجسٹرڈ شخص نے تیار شدہ مال سپلائی کیا ہو اس پر اس ایکٹ کے تحت عائد کیا گیا ہو۔

(۳) رجسٹریشن نمبر وہ نمبر جو سیلز ٹیکس آفس نے جاری کیا ہو۔

(۴) Replacement انوائس۔ یہ وہ تمسکات ہے جو ہر رجسٹرڈ امپورٹرز، ڈسٹری بیوٹرز اور ہول سیلرز کو جاری کرتا ہے لیکن آؤٹ پٹ ٹیکس کو مال کی سپلائی کے ٹیکس پر چارج نہیں کریں گے۔

(۵) ٹرن اوور ٹیکس: یہ ٹیکس ان ماحاصل پر بحساب ۴ فیصد عائد ہو گا جن کی کل ماحاصل دس لاکھ روپے تک ہو گی۔

(۶) ادھار ٹیکس کی اجازت نہیں ہے۔

(۷) ڈی رجسٹریشن، اگر کوئی شخص ایسے کاروبار نجات حاصل کرنا چاہتا ہے جس پر سیلز ٹیکس لاگو ہو تو وہ کلکٹر سیلز ٹیکس کو درخواست دے سکتا ہے اور اگر نجات دہندہ کے ذمے کوئی سرکاری رقم واجب الادا نہیں ہے تو اس کی رجسٹریشن منسوخ کی جا سکتی ہے (لیکن اس ضمن میں محکمہ والے کوئی واضح پالیسی بتانے سے گریز کرتے ہیں)

ڈی رجسٹریشن کے بارے میں محکمہ سیلز ٹیکس کی پالیسی واضح نہیں ہے حالانکہ ایکٹ میں وضاحت کی گئی ہے کہ اگر ڈی رجسٹریشن کرانے والے کے ذمہ کوئی واجبات نہیں ہیں تو اسے ڈی رجسٹرڈ کر دیا جائے۔

(۸) ریکارڈ جو یونٹ/شخص رجسٹرڈ ہے اس کو سپلائی کے تمام ریکارڈ کو رجسٹرڈ آفس یا کاروباری آفس میں رکھنا ہو گا۔ یہ ریکارڈ انگریزی اور اردو زبان میں ترتیب دیا جا سکتا ہے اس ضمن میں خرید اور سپلائی کی

(بقیہ صفحہ ۱۵ پر ملاحظہ کیجئے)



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# پاکستان سے یومیہ 50 لاکھ ڈالر افغانستان اسمگل ہو رہے ہیں، امریکی جریدہ کی رپورٹ

کراچی (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) پاکستان سے ڈالر کی افغانستان اسمگلنگ اب دنیا بھر میں ظاہر ہوچکی ہے اور پاکستانی مارکیٹ سے ڈالر افغانستان اسمگل ہونے سے پاکستان کی معیشت کا بھٹہ بیٹھ گیا ہے اب اس کا تذکرہ بین الاقوامی جرائد بھی اپنی رپورٹ میں دے رہے ہیں لیکن ہمارے افسران چین کی نیند سو رہے ہیں۔ امریکی خبر رساں ادارے بلومبرگ نے انکشاف کیا ہے کہ پاکستان سے روزانہ لاکھوں ڈالرز افغانستان اسمگل ہو رہے ہیں جس سے افغانستان میں طالبان حکومت کو وہ معاشی سہارا مل رہا ہے امریکا اور یورپ کی جانب سے افغانستان کے اربوں ڈالرز منجمد کرنے کے بعد چھن گیا تھا۔ لیکن اس صورتحال کی وجہ سے پہلے سے ہی معاشی مسائل کا شکار پاکستان کیلئے معاملات تیزی سے خراب ہو رہے ہیں۔ ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن پاکستان کے جنرل سیکریٹری محمد ظفر پراچہ کے مطابق، تاجر اور اسمگلر روزانہ 50/ لاکھ ڈالرز سرحد پار لیجا رہے ہیں، اور یہ رقم اُس رقم (ایک کروڑ 70/ لاکھ ڈالرز) کے مقابلے میں بہت زیادہ ہے جو افغانستان کا مرکزی بینک ہر ہفتے مارکیٹ میں جاری کرتا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ڈالر کی اس غیر قانونی منتقلی کی وجہ سے ہی طالبان مغربی ممالک کی پابندیوں سے بچنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ افغانستان پر 2021ء میں امریکی انخلاء کے بعد یہ پابندیاں عائد کی گئی تھیں۔ لیکن پاکستان کیلئے ڈالر کی یہ اسمگلنگ غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر کی کمی اور روپے کی قدر مزید کم ہونے کا سبب بن رہی ہے جس سے معیشت تباہی کے دہانے پر ہے۔ پراچہ کا کہنا تھا کہ بلاشبہ کرنسی کی اسمگلنگ ہو رہی ہے اور یہ معاملہ کمائی کا شاندار ذریعہ بن چکا ہے۔ اقوام متحدہ کا کہنا ہے کہ آدھی سے زیادہ افغان آبادی قحط کا شکار ہے لیکن پاکستان سے افغانستان اسمگل ہونے والے ڈالرز افغان طالبان کو صورتحال سے نمٹنے میں مدد دے رہے ہیں۔ کراچی میں فنانشل کنسلٹنسی کمپنی الفا بیٹا کور سولیوشنز کے چیف ایگزیکٹو خرم شہزاد کا کہنا ہے کہ افغانستان کو روزانہ 10/ سے 15/ ملین ڈالرز کی ضرورت ہے، اندازاً اس کا آدھا حصہ پاکستان سے جاتا ہے۔ افغانستان کے مرکزی بینک دا افغانستان بینک کے ترجمان حسیب نُوری کا کہنا ہے کہ مرکزی بینک کے پاس معیشت کو سنبھالا دینے کیلئے کافی ڈالرز دستیاب ہیں۔ اس میں سے کچھ حصہ اقوام متحدہ انسانی بنیادوں پر فراہم کی جانے والی امداد کے طور پر ہفتہ وار 40/ ملین ڈالرز کی صورت میں فراہم کر رہا ہے۔ چونکہ افغانستان کو عالمی بینکاری نظام سے نکال دیا گیا ہے اسلئے یہ رقم نقد کی صورت میں افغانستان پہنچتی ہے جہاں اسے مقامی کرنسی ''افغانی'' میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا، امداد سے براہِ راست طالبان کو فائدہ تو نہیں ہو رہا لیکن ڈالر مرکزی بینک کے خزانے میں بدستور جمع ہو رہے ہیں۔ موقف کیلئے اقوام متحدہ سے رابطے کی کوشش کی گئی لیکن جواب نہیں ملا۔ افغانستان کیلئے آمدنی کا ایک اور ذریعہ کسٹمز کے ٹیرف ہیں جو ڈالرز میں وصول کیے جاتے ہیں۔ واشنگٹن میں آئی ایم ایف کے سابق مشیر توریک فرہادی کا کہنا تھا کہ دراصل اقوام متحدہ ڈالر سپلائی اور بدلے میں افغانی کرنسی خرید کر ''افغانی'' کرنسی کو مستحکم رکھتا ہے، تو اس طرح دیکھیں تو افغانی کرنسی کی طلب پیدا کرنے والوں میں اقوام متحدہ، کچھ دیگر اور ڈالرز کے اسمگلرز شامل ہیں۔ گزشتہ ہفتے سے لیکر رواں ہفتے کے ابتدائی دن یعنی پیر 6 فروری تک افغانی کرنسی نے ڈالر کے مقابلے میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے اور اس کی قدر میں 5.6/ فیصد اضافہ ہوا ہے۔ یہ بہتر کارکردگی دنیا کی دیگر کرنسیوں کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے۔ اس سے قبل دسمبر 2021ء میں طالبان کی جانب سے اقتدار سنبھالنے پر ایک ڈالر 124.18/ افغانی کا ہو گیا تھا اور اب فروری 2023ء تک یہ 89.96/ افغانی فی ڈالر ہے۔ اگر اسی عرصہ کو بینچ مارک رکھا جائے تو ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی کرنسی یعنی روپے کی قدر میں 37/ فیصد گراوٹ آئی۔ صرف جنوری میں روپے کی قدر میں 10/ فیصد کمی ہوئی جو گزشتہ دو دہائیوں میں سب سے بڑا جھٹکا ہے۔ تباہ کن سیلاب، بڑھتی مہنگائی، سیاسی بحران اور زوال کا شکار غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر کی وجہ سے پاکستان شدید مشکلات میں پھنسا ہے۔ 27/ جنوری تک پاکستان کے مرکزی بینک میں صرف 3.09/ ارب ڈالرز باقی رہ گئے تھے جو گزشتہ 9/ سال میں اپنی کم ترین سطح پر ہیں۔ نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر کچھ سرکاری عہدیداروں کا کہنا تھا کہ پاکستان سے ڈالر کی اسمگلنگ کا سلسلہ گزشتہ سال کے وسط میں اس وقت شروع ہوا تھا جب پاکستان نے افغانستان سے کوئلہ خریدنا شروع کیا۔ ایک اور وجہ یہ بھی تھی کہ افغان طالبان نے ملک میں پاکستانی روپے کے استعمال پر پابندی عائد کر دی اور صرف ڈالر کے ذریعے ہی برآمدات کی اجازت دی جس سے ڈالر پاکستان سے اسمگل ہو کر افغانستان پہنچنے لگا۔ اسٹیٹ بینک کے گورنر جمیل احمد نے گزشتہ ماہ پریس کانفرنس کے بعد دیے گئے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ جب یہ لوگ لوکل مارکیٹ سے ڈالر خریدتے ہیں تو ہماری مارکیٹ پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ حاجی محمد رسول ایک تاجر ہیں جو افغانستان سے کوئلہ لاکر پاکستان میں فروخت کرتے ہیں۔ وہ افغانستان کی مقامی کرنسی میں کوئلہ خریدتے ہیں اور مارک اپ پر پاکستانی روپے میں پاکستان کو فروخت کرتے ہیں، اس کے بعد وہ اس روپے کو ڈالر میں تبدیل کرتے ہیں اور پھر وہ یہ ڈالر حوالہ جیسے غیر قانونی ذریعے سے افغانستان بھیج دیتے ہیں۔ حاجی محمد رسول کا کہنا ہے کہ پاکستان میں ڈالر تلاش کرنا مشکل ہے لہٰذا وہ پشاور جیسے علاقوں میں قائم بلیک مارکیٹس سے 10/ فیصد اضافی ریٹ پر ڈالر خرید کر افغانستان بھیج دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً سبھی تاجر یہی کر رہے ہیں کیونکہ طالبان نے افغانستان میں پاکستانی روپیہ لانے پر پابندی عائد کر رکھی ہے۔ افغان وزارت خزانہ کے ترجمان ولی حقمال کا کہنا ہے کہ طالبان ملک میں ڈالر لانے والوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں لیکن ڈالر ٹرانسفر کو پانچ ہزار ڈالرز تک محدود رکھا گیا ہے۔ پاکستان میں ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن پاکستان کے جنرل سیکریٹری محمد ظفر پراچہ کے مطابق سارا مسئلہ پاکستان کے خامیوں سے پُر امیگریشن نظام اور تجارتی پالیسیوں اور بارڈر کنٹرول کا ہے۔ روزانہ ہزاروں افراد بغیر ویزا بارڈر کراس کرتے ہیں اور سب کے پاس لیجانے کیلئے ڈالر ہوتے ہیں۔

## کرنسی اسمگلر سے 29 لاکھ برآمد، پاکستانی کارڈ پر سفر کرنیوالے 2 افغان آف لوڈ

پشاور (نیوز ڈیسک) ایف آئی اے خیبر پختونخوا زون نے کرنسی اسمگلنگ میں ملوث ملزم کو گرفتار کرکے 29 لاکھ روپے کی ریکوری کرلی جبکہ پاکستانی نائکوپ کارڈ پر سفر کرنے والے 2 افغان مسافروں کو آف لوڈ کردیا گیا ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر انٹی منی لانڈرنگ سرکل کی نگرانی میں ٹیم نے چھاپہ مار کر ملزم دوست محمد کو سوات سے گرفتار کرلیا جن کے قبضہ سے 29 لاکھ روپے اور ہنڈی حوالہ سے متعلق رسیدیں برآمد کرلی گئیں۔ ملزم کلاتھ شاپ کی آڑ میں ہنڈی حوالہ اور کرنسی سمگلنگ میں ملوث تھا جس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ ادھر ایف آئی اے امیگریشن نے پشاور ائیر پورٹ پر کارروائی کے دوران پاکستانی نائکوپ کارڈ پر سفر کرنے والے 2 افغان مسافروں کو آف لوڈ کردیا۔ محمد آصف اور محمد حامد نامی مسافر پرواز نمبر EK637 سے برطانیہ جارہے تھے۔ دونوں مسافر نومبر 2022 کو بھی اسلام آباد ائیرپورٹ سے آف لوڈ ہوچکے تھے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزمان نے غلط بیانی کرکے پاکستانی نائکوب کارڈ حاصل کئے۔ بعدازاں ملزمان کو قانونی کارروائی کے لئے ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل پشاور کے حوالے کردیا گیا۔

## پاک ازبک ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدہ نافذالعمل

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاک ازبک ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدہ یکم فروری سے نافذالعمل کردیا گیا۔ پاک ازبک ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدے کے تحت پاکستان، ازبکستان کو گوادر، کراچی اور بن قاسم کی بندرگاہوں تک رسائی فراہم کریگا جس کے ذریعے وہ افغانستان، ایران اور چین تک اپنی مصنوعات پہنچا سکیں گے۔ اس سہولت کے تحت پاکستان کو تجارتی مقاصد کے لیے افغانستان، ترکمانستان، تاجکستان، قازقستان اور کرغزستان تک رسائی حاصل ہوگی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## سندھ حکومت نے جائیداد کی خرید و فروخت پر 500 روپے فیس عائد کردی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) حکومت سندھ نے فوری طور پر جائیداد کی فروخت میں قانونی خامیوں کو دور کرکے پاور آف اٹارنی کی بنیاد پر جائیداد کی خرید و فروخت پر 5، سو روپے فیس عائد کردی ہے اس کے علاوہ جائیداد کے کاغذات پر اسٹمپ کو چیک کرنے کے نظام کو بھی سخت بنایا گیا ہے تاکہ کم اسٹمپ لگانے والوں کو سزا دی جاسکے۔ اس سلسلے میں فیصلہ کیا گیا کہ اگر کاغذات سے یہ بات ثابت ہوئی کہ جائیداد کی فروخت یا خریداری کے حوالے سے ضرورت سے کم قیمت کے ٹکٹ لگائے گئے ہیں تو اس پر 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا تاہم اس سلسلے میں اپیل کا حق حاصل ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ جائیداد کی خرید و فروخت کی رجسٹریشن پر ڈیڑھ فیصد رجسٹریشن فیس اور 9 فیصد ویلیو ایشن اسٹمپ ڈیوٹی ادا کرنا ہوگی جس سے ہدف کے مطابق دو ارب روپے حاصل ہوں گے۔

## ٹیکس نمبر کارڈ حاصل نہ کرنے والوں پر دو ہزار روپے جرمانہ ہوگا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کمشنر آف انکم ٹیکس زون اے کراچی کے ایڈیشنل اسسٹنٹ نے اعلان کیا ہے کہ ٹیکس گزاروں کے نیشنل ٹیکس نمبر کارڈز آگئے ہیں جو مبلغ 50 روپے کی ادائیگی کے بعد حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا ہے کہ انکم ٹیکس آرڈی نینس مجریہ 1979ء کی دفعہ D-143 کے تحت اس کارڈ کو حاصل نہ کرنا تعزیر قرار دیا گیا ہے، جس کی سزا دو ہزار روپے تک جرمانہ ہے۔ انکم ٹیکس زون "اے" کارڈ حاصل نہ کرنے والوں کے خلاف یہ کارروائی 1-1-1997 سے شروع کرے گا لہٰذا تمام ٹیکس گزار جرمانے سے بچنے کے لئے یہ کارڈز 31-12-1996 تک حاصل کرلیں۔

## بنگلہ دیش کی جانب سے نیوز پرنٹ اور پلپ مل لگانے کی پیش کش

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) بنگلہ دیش نے آزاد تجارت سے متعلق سارک کے بین الحکومتی گروپ کے اجلاس میں ان اشیاء کی فہرست پیش کی ہے جس میں وہ پاکستان سے سرمایہ کاری کا خواہشمند ہے۔ اس فہرست کے مطابق بنگلہ دیش نے نیوز پرنٹ کی پیپر مل لگانے اور پیپر پلپ مل لگوانے کی خواہش کا اظہار کیا ہے اس سلسلے میں مشترکہ منصوبے دوارہ خریدنے یا امداد باہمی کے ذریعے سرمایہ کی خواہش کا اظہار کیا گیا ہے۔

## 10 فیصد تک کسٹم ڈیوٹی والی اشیاء کی پری شپمنٹ انسپکشن ختم کرنے کے نوٹیفکیشن

## جن ممالک میں پی ایس آئی کے دفاتر نہیں انہیں بھی انسپکشن سے مستثنیٰ کردیا گیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سینٹرل بورڈ آف ریونیو نے پری شپمنٹ انسپکشن کمپنیوں پر سے دالوں چینی سرخ مرچ گوشت سمیت جو دس فیصد کسٹم ڈیوٹی کے اندر آتی ہیں ان اشیاء کی انسپکشن ختم کردی ہے اس سلسلے میں سینٹرل بورڈ آف ریونیو نے جمعرات سات دسمبر کو نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے نوٹفکیشن کے مطابق حکومت پاکستان اور پبلک سیکٹر سے تعلق رکھنے والے اداروں کے لئے درآمد کی گئی مصنوعات بھی انسپکشن سے مستثنیٰ ہوں گی ان کے علاوہ جن ممالک میں پری شپمنٹ انسپکشن کمپنیں کے دفاتر موجود نہیں ہیں ان ممالک سے درآمد کی جانے والی مصنوعات بھی انسپکشن سے مستثنی ہوں گی اس کے علاوہ وہ اشیاء جن کی قیمتیں بین الاقوامی سطح پر شائع ہوتی ہیں جن میں پلاسٹک سٹیل فیبر کس یارن خوردنی تیل کیمیکل کے علاوہ ڈائیز اینڈ کیمیکل شامل ہیں وہ بھی انسپکشن سے مستثنیٰ ہوں گی۔

## حاجی عبدالسلام کی صاحبزادے کی دعوت ولیمہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن سرکل کے سینئر نائب صدر حاجی عبدالسلام عشقے والا کے صاحبزادے محمد یاسین کی ولیمہ کی تقریب گزشتہ دنوں انجام پائی۔ تقریب میں پیپر مرچنٹس کی بڑی تعداد کے علاوہ خصوصی طور پر چیئرمین ایپما شمیم احمد ملک، عبدالمجید میمن، سدرن سرکل کے صدر محمد یوسف سرمہ والا، نائب صدر محمد اقبال ڈھیڈی، سابق صدر سدرن سرکل تبسم خورشید، متعدد موجودہ و سابق اراکین ایگزیکٹیو ایپما سینٹرل و سرکل نے شرکت کی۔ جن میں انعام الٰہی جمیل، محمد طاہر، وسیم احمد صدیقی، نور محمد، نورالدین سکا والا نمایاں تھے۔ جبکہ لاہور سے ملک نعیم، خاور بٹ، اکرام الحق، کے پی ایل کے انتخاب الحسن، سہیل، حدیبیہ پیپر ملز کے مارکٹنگ منیجر نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس دعوت ولیمہ کی تقریب میں ایسوسی ایشن کے دیگر امور کے علاوہ سیکرٹری ایپما کے انتخاب پر بھی گفتگو ہوئی اور اتفاق رائے ہوا۔


### تبدیلی پتہ

ٹریڈ انٹرنیشنل
8 ذوالقرنین چیمبرز
گنپت روڈ لاہور
فون نمبر-7229093
زاہد حسین موبائل - 0342-206193
رہائش-5726079
ہر قسم کے امپورٹڈ اور دیسی بکس بورڈ، زمان بورڈ وغیرہ کے لئے رجوع کریں



### CARBONLESS

| CARBONIZED | | Per Ream |
|---|---|---|
| 18x23 | Black & Green | 600 |
| 18x23 | Red | 700 |

**Fax Paper**
Reel Japan Rs. 2.40 (Per Meter)
Reel France Rs. 2.10 (Per Meter)

| ONE TIME | | |
|---|---|---|
| 13.5x17 | ---Per Reem--- | 230 |
| 17x27 | | 460 |

**CARBONLESS - JAPAN**
**Prime Quality**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 18x23 | --- | ------- | 1350 |
| 18x23 | CB | ------- | 1325 |
| 17x24 | --- | ------- | 1350 |
| 17x27 | --- | ------- | 1600 |

**REACTO - GERMANY**

| | |
|---|---|
| 17" Reel CFB | 190 Per kg |
| 17" Reel CB | 165 Per kg |

### ART CARD

| PINE TREE KOREA | | Per Pkt. |
|---|---|---|
| 22x28 | 210 | 650 |
| 23x36 | 210 | 900 |
| 23x36 | 260 | 1140 |
| 22x28 | 260 | 820 |

| INDONESIA IVORY CARD | | |
|---|---|---|
| 22x28 | 150 | 550 |
| 22x28 | 170 | 650 |
| 22x28 | 180 | 685 |
| 22x28 | 200 | 710 |



HPM
HUSEINI PAPER MART
Specially Deals in
Duplex Board in Odd & Standard Sizes Local & Imported
Shop No.1, Burhani Manzil, Opp: Burhani Hospital
Tayyabjee Road, Karachi-Pakistan. Ph: 2626785 Fax: 2625823



**Booking Available**

1. NEWS PRINT
2. FAX / THERMAL PAPER
3. THERMAL TICKETS PAPER
4. CARBONLESS PAPER / CARD
5. GLASSINE PAPER IN SHEETS
6. GREASEPROOF PAPER
7. COLOUR FILE CARD
8. SILICONISED PAPER
9. DRAWING PAPER
10. WHITE / COLOUR CELLOPHANE PAPER
11. STICKER PAPER IN SHEETS / REEL (ALL SORT)
12. DARGON BARAND ACID FREE TISSUE PAPER.
13. GREY BACK DUPLEX BOARD-ULTRA WHITE / TIGER BRAND
14. BOTH SIDE COATED ART CARD - STOCKLOT / PRIME
15. ONE SIDE / BOTH SIDE COATED BLEACHED BOARD
16. ONE SIDE COATED WET STRENGTH / NON WET STRENGTH PAPER (LABEL PAPER)
17. BOPP FILM, PEARLIZED, METALIZED, PLAIN, LIMANIATION
18. POLY ESTER FILM METALIZED / COLOUR COATED

*Please Contact For Indent:*

ALLIED BUSINESS CORPORATION
14, MUHAMMEDI TERRACE TAYABJI ROAD, KARACHI - 742000 PAKISTAN
TEL: 021 - 2623531 - 32 - 33 FAX: 021 - 2626343 TELEX: 27493 NISAR PK




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ڈیبٹ/کریڈٹ کارڈز پر بین الاقوامی لین دین متعلقہ شخص کے پروفائل سے مطابقت رکھتا ہو

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے کہا کہ سالانہ بنیادوں پر عائد کی جانے والی زرمبادلہ لے جانے کی 30 ہزار ڈالر کی حد کا اطلاق یکم جنوری 2023 سے ہوگا۔ علاوہ ازیں اسٹیٹ بینک نے کہا کہ ڈیبٹ اور کریڈٹ کارڈز ان ٹرانزیکشنز کے لیے استعمال کیے جا رہے ہیں جو متعلقہ فرد کے پروفائل کے ساتھ منسلک نہیں ہیں یا پھر وہ کاروباری مقاصد کے لیے کیے جا رہے ہیں، اس لیے بین الاقوامی ٹرانزیکشنز پر 30 ہزار ڈالر کی سالانہ حد مقرر کی گئی ہے۔ اسٹیٹ بینک نے بینکوں کو مشورہ دیا کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بین الاقوامی لین دین کے لیے ڈیبٹ کارڈز اور کریڈٹ کارڈز کا استعمال کارڈ ہولڈرز کے پروفائل کے مطابق ہو اور صرف ان کی ذاتی ضروریات کے لیے استعمال ہو۔ اسٹیٹ بینک نے اس بات پر زور دیا کہ ڈیبٹ/کریڈٹ کارڈز کا مقصد لوگوں کو ذاتی نوعیت کی لین دین کے لیے ادائیگی میں سہولت فراہم کرنا ہے، ان کارڈز کے لیے طے کردہ حدود کے علاوہ ان کے ذریعے ملکی اور بین الاقوامی ادائیگیاں کارڈ ہولڈر کے پروفائل کے مطابق ہونی چاہئیں۔ اسٹیٹ بینک نے کہا کہ یہ شہریوں کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اس مقررہ کردہ سالانہ حد کی کسی صورت خلاف ورزی نہ ہو، تاہم بینکوں پر بھی ان حدود کی نگرانی لازمی کرنے کی ضرورت ہے۔

## گورنر اسٹیٹ بینک اور ڈی جی ایف آئی اے کے درمیان ملاقات

کراچی (پیپر بزنس نیوز) گورنر اسٹیٹ بینک اور ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے کے درمیان ایک اعلیٰ سطح کے اجلاس کے دوران اسٹیٹ بینک اور وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) نے قیاس آرائیوں اور گرے مارکیٹ کو روکنے کے لیے غیر قانونی فارن ایکسچینج آپریٹرز کے خلاف ٹیم بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسٹیٹ بینک نے ایک بیان میں کہا کہ انہوں نے غیر قانونی زرمبادلہ کی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور ملک میں غیر قانونی زرمبادلہ کے کاروبار کے خلاف کارروائی کا ایک جامع منصوبہ تیار کیا۔ دونوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ملک بھر میں غیر قانونی فارن ایکسچینج آپریٹرز اور سٹہ بازوں کے گرد گھیرا تنگ کرنے کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ اسٹیٹ بینک اور ایف آئی اے کی مشترکہ ٹیمیں اب غیر قانونی فارن ایکسچینج آپریٹرز کی شناخت کریں گی اور ان پر جرمانہ عائد کریں گی۔ کرنسی کی اسمگلنگ کی تازہ ترین لہر ملک میں تشویش کا باعث بنی ہوئی ہے جس کا زیادہ تر تعلق افغانستان سے ہے کیونکہ پابندیوں سے متاثرہ افغانستان کو اپنی برآمدات اور درآمدات کے لیے پاکستان پر انحصار کرنا پڑ رہا ہے۔ ایکسچینج کمپنیوں کا کہنا ہے کہ ملک بھر میں ایسی ہزاروں غیر قانونی فرمز کام کر رہی ہیں جو اسمگلروں کو ڈالر خریدنے میں مدد فراہم کر رہی ہیں۔

## بغیر اور زائد انوائسنگ کے ذریعے منی لانڈرنگ روکنے کیلئے اقدامات پر غور

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان سے بغیر انوائسنگ اور زائد انوائسنگ کے ذریعے بڑے پیمانے پر منی لانڈرنگ کے ذریعے زرمبادلہ ملک سے باہر بھجوانے کا انکشاف ہوا ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے مس انوائسنگ اور اوور انوائسنگ کی روک تھام کیلیے سخت مانیٹرنگ اور ملوث عناصر کیخلاف سخت قانونی کارروائی کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ ایف بی آر کے مطابق مس انوائسنگ اور اوور انوائسنگ کے ذریعے منی لانڈرنگ اور ملک سے زرمبادلہ کا انخلا روکنے کیلیے ڈی جی ویلیو ایشن ڈائریکٹریٹ جنرل آف ویلیو ایشن کسٹمز کراچی، تمام چیف کلکٹرز کسٹمز اور تمام ڈائریکٹرز جنرل آف کسٹمس سمیت متعلقہ فیلڈ فارمشنز کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں اور ڈائریکٹریٹ ویلیو ایشن لاہور کو مس انوائسنگ اور اوور انوائسنگ کے منی لانڈرنگ اور ملک سے زرمبادلہ کا انخلا روکنے کا میکنزم وضع کرنے کیلیے ٹرمز آف ریفرنس (ٹی او آرز) تیار کرنے کی ہدایات بھی جاری کردی گئی ہیں۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی کسٹمز ڈیپارٹمنٹ کیجانب سے ٹی او آرز تیار کر کے بھجوانے کیلیے ڈائریکٹریٹ آف ویلیوایشن کسٹمز لاہور کو لکھے جانے والے خطکے مطابق درآمد کنندگان اور برآمد کنندگان کی جانب سے کسٹمز ڈیپارٹمنٹ کو جمع کرائی جانے والی انوائسز میں اشیا کی مقدار، کوالٹی غلط ظاہر کر کے اور دھوکہ دہی سے قیمت میں ہیرا پھیری کر کے خطیر رقم بیرون ممالک منتقل کر لیتے ہیں۔

## 27 فروری تک انکم ٹیکس کی بجٹ تجاویز طلب

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے وفاقی بجٹ 2023/24 کے لیے انکم ٹیکس کی تجاویز طلب کر لیں۔ ریونیو بورڈ نے کہا کہ وہ فنانس بل 2023 کے لیے تجاویز مرتب کرنے میں مصروف ہے۔ اس سلسلے میں مزید کہا گیا کہ ٹیکس پالیسی میں بہتری کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کی اجتماعی تجاویز سے فائدہ اٹھانے کے لیے آئندہ بجٹ کے لیے تجاویز طلب کی گئی ہیں۔ ایف بی آر نے اسٹیک ہولڈرز کو مشورہ دیا ہے کہ ان کی تجاویز میں ٹیکس کی بنیاد کو وسیع کرنے پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے تاکہ ریونیو جنریشن کی کوششوں میں وسیع تر حصہ لیا جا سکے۔ مزید، اسٹیک ہولڈرز کو مشورہ دیا گیا ہے کہ ان کی رائے اور تجاویز کو ترقی پسند بنیادوں پر حقیقی آمدنی پر ٹیکس لگانے اور ٹیکس مراعات اور چھوٹ کو مرحلہ وار ختم کرنے پر بھی توجہ دینی چاہیے۔ مزید کہا گیا کہ اسٹیک ہولڈرز کو ٹیکس کی بگاڑ اور بے ضابطگیوں کو دور کرنے کے لیے اپنے خیالات کا اشتراک کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ، اسٹیک ہولڈرز کو ٹیکس دہندگان کی سہولت اور کاروبار کرنے میں آسانی کا خیال رکھنا چاہیے۔ ایف بی آر نے کہا کہ تجاویز میں ایسے اقدامات متعارف کراتے ہوئے ٹیکس میں مساوات کو فروغ دینا چاہیے جہاں امیر طبقے پر ٹیکس کے واقعات زیادہ ہوں۔ اسٹیک ہولڈرز کو یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ 27 فروری 2023 تک اپنی تجاویز بھیجیں۔ تجاویز کو ایم ایس ورڈ یا ایکسل فارمیٹ میں بھی ای میل کیا جا سکتا ہے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ڈالر مزید بلندی کی جانب رواں دواں، قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ، عام صارفین بے حال

## آرٹ کارڈ، بلیچ بورڈ، آرٹ پیپر، اسٹیکر اور آفسیٹ آئی کے کی قیمتوں میں اضافہ

## مقامی ڈپلیکس بورڈ، کاربن لیس اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں بھی اضافہ، پرائس سروے رپورٹ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی مسلسل تیزی دیکھنے میں آئی اور 8فروری 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ میں 80 روپے فی کلو، آرٹ کارڈ جاپان میں 20 روپے فی کلو، نیو یا آرٹ پیپر میں 90 روپے فی کلو، آرٹ پیپر جاپان او جے آئی اور ایل ڈبلیوسی میں 20 روپے فی کلو، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ میں 45 روپے فی کلو، رئیل میں 120 روپے کلو، چینمنگ میں 35 روپے فی کلو، پنڈو ڈیلی انڈونیشیا میں 35 روپے فی کلو، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے میں 55 روپے فی کلو، مختلف برانڈ کے اسٹیکرز، مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ ، انرجی اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئنز انڈونیشیا تمام سائز 190، 200، 210، 250، 260، 310 اور 350 گرام، 470 روپے سے بڑھ کر 550 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ 25x36 سائز 300 گرام ، 470 روپے سے بڑھ کر 550 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز تمام گرام، 515 روپے سے بڑھ کر 535 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 480 روپے سے بڑھ کر 570 روپے فی کلو ہوگیا ہے ۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 480 روپے سے بڑھ کر 570 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 500 روپے سے بڑھ کر 520 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ ایل ڈبلیوسی جاپان تمام سائز 60 گرام، 500 روپے سے بڑھ کر 520 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 3500 روپے سے بڑھ کر 4500 روپے، 18x23 سائز 4000 روپے سے بڑھ کر 6000 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 143 روپے سے بڑھ کر 148 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی سنر جی مل تمام سائز 250 گرام، 236 روپے سے بڑھ کر 238 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 450 روپے سے بڑھ کر 495 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ رئیل شیٹس 380 روپے سے بڑھ کر 500 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچبورڈ چینمنگچائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 445 روپے سے بڑھ کر 480 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 440 روپے سے بڑھ کر 475 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 515 روپے سے بڑھ کر 570 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 1280 روپے سے بڑھ کر 1380 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 1300 روپے سے بڑھ کر 1400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔ بی ایل سی 70 گرام ، 1280 روپے سے بڑھ کر 1380 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔ بی ایل سی 80 گرام ، 1400 روپے سے بڑھ کر 1500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام ، 1300 روپے سے بڑھ کر 1400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 ۔ 70 گرام، 1425 روپے سے بڑھ کر 1500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13.5 ۔70 گرام، 1525 روپے سے بڑھ کر 1550 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 2400 روپے سے بڑھ کر 2500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1230 روپے سے بڑھ کر 1350 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 1350 روپے سے بڑھ کر 1450 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1450 روپے سے بڑھ کر 1600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1750 روپے سے کم ہو کر 1725 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔ میرم دبئی 70 گرام، 1200 روپے سے بڑھ کر 1330 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 70 گرام، A4 سائز 1250 روپے سے بڑھ کر 1350 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 80 گرام، A4 سائز 1300 روپے سے بڑھ کر 1360 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 80 گرام، A3 سائز 2300 روپے سے بڑھ کر 2400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 4000 روپے سے بڑھ کر 5300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ، 20x30 سائز، 5200 روپے سے بڑھ کر 6000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز، 3700 روپے سے بڑھ کر 5300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 4000 روپے سے بڑھ کر 5300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 3450 روپے سے بڑھ کر 5300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 4200 روپے سے بڑھ کر 5500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# بلاسود بینکاری کے نفاذ پر شبہ کی گنجائش نہیں، گورنر اسٹیٹ بینک

